4822CH01

عورتوں کا درجہ

اے ماؤ! بہنو! بیٹیو! دنیا کی زینت تم سے ہے
ملکوں کی بستی ہو تمھیں، قوموں کی عزّت تم سے ہے

تم گھر کی ہو شہزادیاں، شہروں کی ہو آبادیاں
غمگیں دلوں کی شادیاں، دُکھ سکھ میں راحت تم سے ہے

تم ہو تو غربت ہے وطن، تم بِن ہے ویرانہ چمن
ہو دیس یا پردیس، جینے کی حَلاوت تم سے ہے

نیکی کی تم تصویر ہو، عِفّت کی تم تدبیر ہو
ہو دین کی تم پاسباں، ایماں سلامت تم سے ہے

فطرت تمھاری ہے حیا، طینت میں ہے مِہر ووفا
گھٹّی میں ہے صبرو رضا، انساں عبارت تم سے ہے

مونِس ہو خاوندوں کی تم، غم خوار فرزندوں کی تم
تم بِن ہے گھر ویران سب، گھر بھر میں برکت تم سے ہے

تم آس ہو بیمار کی، ڈھارس ہو تم، بے کار کی
دولت ہو تم نادار کی، عُسرت میں عِشرت تم سے ہے

(الطاف حسین حالؔی)

© NCERT not to be republished

مشق

1 معنی یاد کیجیے:

شادی	:	خوشی
غُربت	:	وطن یا گھر سے دوری
حَلاوَت	:	مِٹھاس
عِفّت	:	پاکیزگی، پرہیزگاری
طینت	:	سرشت، خصلت
مِہر ووفا	:	محبّت اور وفاداری
گھُٹّی میں ہونا	:	فطرت میں شامل ہونا
عِبارت	:	تعبیر، مثال، عبارت تحریر کو بھی کہتے ہیں
مؤنِس	:	محبّت کرنے والا
غم خوار	:	غم بانٹنے والا، ہمدرد
فرزند	:	بیٹا
نادار	:	مُفلس
عُسرت	:	تنگ دستی، غریبی
عِشرت	:	آرام، خوشحالی

© NCERT not to be republished

2 غور کیجیے:

ہمارے گھر اور سماج میں عورت کا وجود ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ حالؔی نے اس نظم میں عورت کی بہت سی خوبیاں بیان کی ہیں، لیکن عورتوں کے ساتھ زیادتی کے واقعات بھی دُنیا میں بہت عام ہیں۔ اس کا سبب کیا ہے اور عورتوں کی حالت کو بہتر کیسے بنایا جا سکتا ہے؟

3 نیچے لکھے ہوئے الفاظ کو بلند آواز سے پڑھیے:

حلاوَت عِفّت طینت گھُٹّی غَم خوار عُسرت عِشرت

4 سوچیے اور بتائیے:

(i) دنیا کی زینت کس کے دم سے ہے؟

(ii) شاعر نے عورت کی کون سی خوبیاں بیان کی ہیں؟

(iii) ''تم ہو تو غربت ہے وطن، تم بن ہے ویرانہ چمن'' اس مصرعے کا مطلب لکھیے۔

5 نیچے لکھے ہوئے الفاظ کے واحد لکھیے:

شہزادیاں آبادیاں شادیاں

6 عملی کام:

اس نظم کی روشنی میں عورت کے مرتبے پر پانچ جُملے لکھیے۔

© NCERT not to be republished